## سوال

(06) ''اللهم أنت السلام ''میں الفاظ بڑھانا بدعت ہے

## جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا سنت نبویہ مطہرہ میں یہ دعا ثابت ہے ؟ «اللهم أنت السلام ومنك السلام فحينا ربنا بالسلام وادخلنا الجنة دارك دار السلام تبارکت وتعاليت يا ذا الجلال والإكرام» فرض نماز کے بعد۔ (جمیل طالب علم)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

صحیح و حسن کسی حدیث میں یہ ثابت نہیں اور نہ ہی ضعیف حدیث میں، واعظوں میں کسی بے لگام نے اسے گھڑا ہے جیسے مرقات: (358/2) میں ہے شیخ جزری نے تصحیح المصابیح میں کہا ہے:

اور ''منک السلام'' کے بعد جو ''اليك يرجع السلام فحينا ربنا بالسلام وادخلنا الجنة دارك دار السلام'' کا اضافہ کیا گیا ہے، اس کی کوئی اصل نہیں بلکہ یہ کسی واعظ کی اختراع ہے، صحیح ثابت اس طرح ہے، ''اللهم أنت السلام ومنك السلام تبارکت یا ذا الجلال والإكرام) (مسلم)۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ الدین الخالص

**ج1ص48**

محدث فتویٰ